© rasailojaraid.com



# اخبار الجامعہ

**(۲) ناظم "المباحث الاسلامیۃ" کا ہفت روزہ تربیتی پروگرام میں شرکت: 11 تا 16/ جون 2007ء**

انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز (IPS) اسلام آباد کے زیر اہتمام منعقدہ ورکشاپ میں قاری ثناء اللہ ناظم "المباحث الاسلامیۃ" نے بحیثیت نمائندہ جامعہ المرکز الاسلامی شرکت کی۔ اس ورکشاپ کے اہداف کی نوعیت حسب ذیل رہی۔

(۱).... تعمیر شخصیت اور انسانی وسائل کی ترقی کے حوالے سے استعداد اور صلاحیت میں اضافہ۔

(۲).... تعلیم و تدریس اور تحقیق کے لئے ادارتی سطح پر بہتر ماحول کی تیاری کے لئے راہنمائی۔

(۳).... عصری افکار و مسائل کی اہمیت اور افادیت نیز تدریسی مہارتوں کا حصول۔

(۴).... تربیتکاروں/مربین کی ٹیم کی تیاری کیلئے پیش رفت، جو مدارس میں تربیتی ضروریات کے مطابق اس سلسلے کو آگے بڑھا سکے۔

اس پروگرام میں ملک بھر کے چیدہ چیدہ جامعات کے نمائندوں نے شرکت کی اور انسٹی ٹیوٹ کی کاوشوں کو سراہا۔

**(۳) اجلاس بابت المرکز ہائی سکول:** 17/ جون 2007 کو المرکز پبلک ہائی سکول سے متعلق سکول کے عملہ اور دیگر ذمہ داران کا اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں سکول کے جملہ امور پر بحث کے علاوہ اس کی نصاب میں بہتری لانے اور اس میں کچھ ضروری اصلاحات کیلئے تادیر غور و حوض ہوا۔ اس بات کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ حالیہ گورنمنٹ نصاب سے بچوں کے دینی وفکری تربیت کے مقاصد کما حقہ حاصل نہیں ہو رہے۔ لہذا طے پایا کہ بچوں میں دینی اندازِ فکر پیدا کرنے کیلئے سکول کے نصاب میں بنیادی دینی نصاب بھی شامل کیا جائے۔ اس طرح اُمید کی جاسکتی ہے۔ کہ بچے بہتر اخلاقی و دینی نشو نما پاسکیں گے۔

**(۴) شعبۂ حفظ و تجوید القرآن کا سالانہ اجلاس:** 30/ جولائی 2007ء کو حضرت مہتمم صاحب کی صدارت میں دفتر اہتمام میں ایک اہم سالانہ اجلاس کا انعقاد ہوا۔ جس میں شعبہ کے ذمہ داران نے سالِ گزشتہ کی کارگزاری بیان کی، اور ائندہ سال کے لئے لائحہ عمل ترتیب دیا۔ لائحہ عمل کے چیدہ نکات کچھ یوں ہیں۔

☆.... ائندہ سال سے انشاء اللہ طلباء حفظ کو ابتدائی صرف و نحو کی کتابیں پڑھائی جائینگی۔

☆.... عوام الناس کی تحفیظ القرآن میں بڑھتی ہوتی دلچسپی کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ائندہ 35 طلبہ پر مشتمل ایک نئی کلاس کھولی جائے گی۔

☆.... سالِ رواں میں 3/ شعبان تک باقاعدہ کلاسیں ہونگی اور سالانہ تعطیلات سے قبل امتحان مکمل کیا جائیگا۔

**(۵) تنصیب ابنوشی سکیم:** ملک کے دیگر پسماندہ علاقوں کی طرح ضلع بنوں اور اس کے مضافات بھی پینے کے صاف پانی کے مسئلے سے دو چار ہیں۔ جامعہ المرکز الاسلامی نے اب تک بنوں اور اسکے گردونواح میں 600 سے زائد ابنوشی سکیمیں مکمل کی گئیں ہیں اور مزید کاوشیں جاری ہیں۔ حضرات محسنین نے حال ہی میں جامعہ کے تعاون سے مزید کی ملمیں مکمل کی ہیں۔ جن میں موضع کفیشی خیل منڈان،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کوئنکہ بائسلام غوریوالہ، تاجی کلہ میرا خیل، ندیم وزیر کرک پائندہ خیل، کوٹی سادات سورانی، رحمت آباد کچہ بچک، اسماعیل مہ خیل، لکی بنوں، کوئنکہ میر احمد خان غوریوالہ اور کرک پائندہ خیل بنوں شامل ہیں۔

(٦) اجتماعی جلسۂ دستار بندی وختم بخاری شریف: 02/اگست 2007 بروزِ جمعرات بعدازنماز ظہر جامعہ المرکز الاسلامی بنوں کے جملہ دینی شعبوں کا مشترکہ جلسہ دستار بندی کا انعقاد و ختم بخاری شریف کی بابرکت تقریب ہوئی۔ حضرت مہتمم صاحب نے تقریر کرتے ہوئے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنے دل و دماغ کو علم کی روشنی سے منور کرتے ہوئے اس کو زیادہ سے زیادہ پھیلانے کیلئے کمر بستہ ہو جائیں کیونکہ فی زمانہ اس جدوجہد کی اہمیت ماضی کے مقابلے میں اب کہیں بڑھکر اور زیادہ ہے حضرت مہتمم صاح نے شرکاء جلسہ کی شرکت کا شکریہ ادا کیا اور ان پر دینی طبقات کا ساتھ دینے، دین اور علم واگہی کا شمع فیروزاں رکھنے کے لئے اپنے آپ کو آگے لانے کیلئے دعوت دی جلسہ سے حضرت مہتمم صاحب کے علاوہ جامعہ کے ناظم اعلیٰ اور دیگر حضرات نے بھی دعوتی بیانات کیے سال ہذا کے 45 فارغ التحصیل علماء وقراء وحفاظ کرام کی دستار بندی کا مبارک سلسلہ گھنٹہ بھر جاری رہا۔ اخر میں محترم شیخ الحدیث حضرت مولانا گل زار جان صاحب نے عالمِ اسلام، وطن عزیز اور جامعہ کی ترقیات وبہتری کے لئے دربارِ ایزدی میں دستِ دُعا بلند کی۔

(۷) حضرت مہتمم صاحب کا سفر انگلینڈ: حضرت مہتمم صاحب کا 3 /اگست تا 2 ستمبر 2007ء انگلینڈ کا دورہ ہوا۔ انجناب نے وہاں کے اہم علمی شخصیات اور مرحوم حضرت شاہ صاحب کے احباب سے ملاقاتیں کیں۔ اور باہمی دلچسپی کے معاملات اور وہاں کے علمی وتبلیغی ماحول اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔

(۸) شیخ المشائخ حضرت مولانا حسن جان صاحب کی جامعہ آمد: 5/ستمبر 2007 کوملک کی معروف شخصیّت اور جمیعت علماء اسلام کے رہنما حضرت مولانا حسن جان صاحب جامعہ تشریف لائے۔ یہاں آمد کے موقع پر جامعہ کے احباب نے وفد کی صورت میں دوآپل پر حضرت شیخ کا استقبال کیا اور ان کو شایانِ شان طریقے سے جامعہ لایا گیا۔ صبح تقریباً 9:45 بجے آمد ہوئی، کچھ دیر آرام کیا، کھانا تناول فرمایا، جامعہ کے مہتمم محترم مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب کے ساتھ امور پر گفتگو کی۔ (واضح ہو کہ حضرت شیخ موصوف جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان موجودہ مہتمم مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب کے استاد بھی رہے ہیں) اور ظہر کی نماز تک جامعہ کو رونق بخشتے رکھی۔ بعدازاں دارالہدیٰ خوجڑی میں حفاظ کی جلسہ دستار بندی میں شرکت کی۔ حفاظ کی تحسین کی اور مختصر خطاب فرمایا بعدازنماز عصر حضرت شیخ کو پشاور کے لئے رخصت کیا۔ رخصت کے وقت دوآپل تک جامعہ کے مہتمم صاحب نے ان کا ساتھ دیا۔

قارئین سے گزارش ہے کہ ادارے سے خط وکتابت کرتے وقت اپنی خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دے نیز مقالہ نگار حضرات اپنے گراں قدر مقالات بذریعہ ای میل بھی بھیج سکتے ہیں۔

ای میل : almarkazulislami@makoob.com

© rasailojaraid.com